**D**

**CCE PR**
**UNREVISED**

ಕರ್ನಾಟಕ ಪ್ರೌಢ ಶಿಕ್ಷಣ ಪರೀಕ್ಷಾ ಮಂಡಳಿ, ಮಲ್ಲೇಶ್ವರಂ, ಬೆಂಗಳೂರು – 560 003

**KARNATAKA SECONDARY EDUCATION EXAMINATION BOARD, MALLESWARAM, BANGALORE - 560 003**

ಎಸ್.ಎಸ್.ಎಲ್.ಸಿ. ಪರೀಕ್ಷೆ, ಜೂನ್,2018

**S. S. L. C. EXAMINATION, JUNE, 2018**

ಮಾದರಿ ಉತ್ತರಗಳು

# MODEL ANSWERS

ದಿನಾಂಕ : 28. 06. 2018 ] ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : **66-U**

Date : 28. 06. 2018 ] **Code No. : 66-U**

**ವಿಷಯ : ತೃತೀಯ ಭಾಷೆ – ಉರ್ದು**

Subject : **Third Language - URDU**

**( ಹೊಸ ಪಠ್ಯಕ್ರಮ /New Syllabus )**

**( ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಖಾಸಗಿ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ/ Private Repeater)**

**[ ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 100**

**[ Max. Marks : 100**

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | **PART-A/حصّہ-الف** | |
| | 12 × 1 = 12 درج ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھئے : | |
| | شفیع الامم سے مراد کون ہیں ؟ | .1 |
| 1 | جواب : شفیع الامم سے مراد حضور اکرمؐ ہیں۔ | |
| | لسانی تقسیم سے پہلے کلبرگی کس ریاست کا ضلع رہا ؟ | .2 |
| 1 | جواب : لسانی تقسیم سے پہلے کلبرگی، حیدرآباد ریاست کا ایک ضلع ہوا کرتا تھا۔ | |
| | چاند نے آفتاب کسے قرار دیا ہے ؟ | .3 |
| 1 | جواب : چاند نے عِلم کو آفتاب قرار دیا ہے۔ | |
| | ہمارا مدّعا کیا ہونا چاہیئے ؟ | .4 |
| 1 | جواب : ہمارا مدّعا اپنے وطن کی شان وعظمت ہونا چاہیئے ۔ | |

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | غزل کے لغوی معنی کیا ہیں ؟ | .5 |
| 1 | جواب : غزل کے لغوی معنی عورتوں سے باتیں کرنے کے ہیں۔ | |
| | والد کے انتقال کے وقت محمد علی جوہؔر کی عمر کیا تھی ؟ | .6 |
| 1 | جواب : والد کے انتقال کے وقت محمد علی جوہؔر کی عمر سولہ سال تھی۔ | |
| | عالمِ دوست مُلا نصیرالدین کے عِلم کو کیوں آزمانا چاہتا تھا ؟ | .7 |
| 1 | جواب : ملا نصیرالدین اکثر اپنے عِلم کی شیخی بگھارتا تھا اس لئے عالمِ دوست ملا نصیرالدین کے عِلم کو آزمانا چاہتا تھا۔ | |
| | پروفیسر راہؔی سے مصنف کی ملاقات کہاں ہوئی ؟ | .8 |
| 1 | جواب : پروفیسر راہؔی سے مصنف کی ملاقات ایک مشاعرے میں ہوئی۔ | |
| | کسان اپنا رشتہ کب تک نبھاتا ہے ؟ | .9 |
| 1 | جواب : کسان اپنا رشتہ جنم جنم تک نبھاتا ہے یعنی ہمیشہ ہمیشہ تک۔ | |
| | وہ کیا وجہ ہے جس سے شاعر خود اپنا نہ ہو سکا ؟ | .10 |
| 1 | جواب : شدتِ یاس کی وجہ سے شاعر خود اپنا نہ ہو سکا۔ | |
| | ''نانو'' سے کیا مراد ہے ؟ | .11 |
| 1 | جواب : ''نانو'' ایک یونانی لفظ ہے جو عدد '9' کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔ | |
| | حضرت خواجہ بندہ نوازؒ کا عُرس ہر سال کس تاریخ کو منایا جاتا ہے ؟ | .12 |
| 1 | جواب : حضرت خواجہ بندہ نوازؒ کا عُرس ہر سال ذیقعدہ کی 15 ویں تاریخ کو منایا جاتا ہے۔ | |
| | دو یا تین جملوں کے جوابات : $13 \times 2 = 26$ | |
| | معراج کو مولانا ابوالبیان حمّادؔ نے نعتِ شریف میں کیسے استعمال کیا ہے ؟ | .13 |
| | جواب : | |
| 1 | معراج حضور اکرمؐ کا ایک معجزہ ہے جس میں آپؐ نے عرش بریں کی سیر کی تھی۔ | |
| 1 | شاعر نے معراج کو حضور اکرمؐ کی عظمت و بلندی کے معنی میں استعمال کیا ہے۔ | |

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | ریاستِ میسور پر کن کن خاندانوں نے حکومت کی ؟ | .14 |
| | جواب : | |
| 1 | ریاستِ میسور و پر چالوکیہ، یادوا، ہوئسلا، بہمنی، | |
| 1 | عادل شاہی، مغلیہ، وڈیر، سلطنتِ خداداد اور انگریزوں نے حکومت کی ہے۔ | |
| | قدیم زمانے میں سائنس کی کونسی شاخیں تھیں ؟ | .15 |
| | جواب : | |
| 1 | قدیم زمانے میں سائنس کی کئی مشہور شاخیں تھیں۔ | |
| 1 | اُن میں عِلم ریاضی، عِلم ہیئت و نجوم، عِلم کیمیا، عِلم طب اور حیاتیات اہم رہیں۔ | |
| | شاعر نے کن کن باتوں کا بُرا انجام دیکھا ہے ؟ | .16 |
| | جواب : | |
| 1 | شاعر نے تعصب اور عداوت کا بُرا انجام دیکھا ہے۔ | |
| 1 | جس کے نتیجے میں ہر طرف انسان کا خون بہتا ہے۔ | |
| | ''نانو اشیاء'' کی مدد سے کس قسم کے کپڑے بنانا ممکن ہے اور کیوں ؟ | .17 |
| | جواب : | |
| 1 | ''نانو ذرّات'' نہایت باریک ذرّات ہونے کے سبب جب یہ آپس میں جڑتے ہیں تو ان ذرّات کے درمیان اتنی بھی جگہ باقی نہیں رہتی کہ کسی طرح کا میل یا گرد وغبار ان کے درمیان ٹھہر جائے۔ | |
| 1 | اسی خصوصیت کے حامل ٹائٹانیم ڈائی آکسائیڈ (Titanium dioxide) کے استعمال سے ایسے کپڑے تیار کئے جا رہے ہیں جن پر داغ دھبے نہیں پڑتے۔ | |
| | نظم ''دوہے'' میں ساغر کرناٹکی نے جانور اور آدمی میں کیا فرق بتایا ہے ؟ | .18 |
| | جواب : | |
| 1 | نظم ''دوہے'' میں شاعر ساغر کرناٹکی کہتے ہیں کہ جانور الگ الگ جگہ چرنے کے باوجود جگالی کرنے کے لئے ایک جگہ جمع ہو جاتے ہیں | |
| 1 | لیکن آدمی اپنا پیٹ بھرتے ہی فوراً ایک دوسرے سے الگ ہو جاتے ہیں۔ | |
| | مولانا محمد علی جوہر کے والدین کے نام لکھئے ؟ | .19 |
| | جواب : | |
| 1 | مولانا محمد علی کے والد کا نام مولانا عبدالعلی اور | |
| 1 | والدہ کا نام بی اماں تھا۔ | |

| سوال نمبرات | متوقع جوابات | مارکس |
|---|---|---|
| .20 | صبح سویرے پروفیسر راہی کی مصروفیات کیا ہوتی تھیں ؟ | |
| | جواب : | |
| | پروفیسر راہی صبح فجر سے قبل جاگ جاتے اور نماز کے بعد کچھ دیر چہل قدمی کرتے ۔ | 1 |
| | صبح 30-7 بجے ناشتہ اور 8 بجے آکاشی وانی سے 5 منٹ کی خبریں سننے کے بعد کالج کے لئے چلے جاتے تھے۔ | 1 |
| .21 | کسان اپنے آپ کو چڑھتا سورج کیوں کہہ رہا ہے ؟ | |
| | جواب : | |
| | کسان اپنی خود اعتمادی کے باعث اپنے آپ کو چڑھتا سورج کہہ رہا ہے وہ ایک سورج کے مانند ہے۔ | 1 |
| | سورج کی ہی طرح کسان بھی سب کے ساتھ یکساں سلوک کرتا ہے اور ملک کی ترقی میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ | 1 |
| .22 | کن لوگوں کو جیتے جی جان سے گذرنا نہ آیا ؟ | |
| | جواب : | |
| | جو لوگ کچھ کام کرتے نہیں وہ کیا کوئی کام کریں گے۔ | 1 |
| | جن کو زندگی گنوانے کا ڈر ہو وہ خطروں سے کھیلنے کی ہمت کب جٹائیں گے۔ | 1 |
| .23 | ڈرامہ نگاری کسے کہتے ہیں ؟ | |
| | جواب : | |
| | ڈرامہ ایک یونانی لفظ ''ڈراؤ'' سے مشتق ہے جس کے معنی ''کر کے دکھانے'' کے ہیں۔صحیح معنوں میں ڈراما مجسم عمل ہے یہ پڑھنے سے زیادہ دیکھنے کی چیز ہے۔ | 1 |
| | انسانی زندگی کی عملی تفسیر ہے یہ ایک ایسی صنف ہے جسے ناظرین تک پہنچانے کے لئے اسٹیج درکار ہوتا ہے۔ | 1 |
| .24 | غیر مستقل کلمہ کی تعریف کیجئے۔ | |
| | جواب : | |
| | غیر مستقل کلمہ وہ ہے جو خود معنی نہیں دیتا بلکہ دوسرے الفاظ کے ساتھ مل کر معنی دیتا ہے۔ | 1 |
| | غیر مستقل کلمہ کو حروف بھی کہتے ہیں۔ | 1 |

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | شعروشاعری کے علاوہ 'عمر خیام' کی شہرت کس حیثیت سے ہوئی ؟ | .25 |
| | جواب : | |
| 1 | شعروشاعری کے علاوہ عمر خیام کی شہرت ایک سائنس دان اور ایک ماہر ریاضی کی حیثیت سے کی جاتی ہے | |
| 1 | وہ علمِ طب کے ماہر اور علمِ ہیئت کے امام مانے جاتے ہیں۔ | |
| | تین چار جملوں کے جوابات : 8 × 3 = 24 | |
| | بحوالۂ متن جملوں کی تشریح : | |
| | ''اس نام کی کوئی مچھلی ہمارے پاس نہیں ہے۔'' | .26 |
| | جواب : | |
| | یہ جملہ دسویں جماعت کی نصابی کتاب انوارِ اُردو کے ایک سبق ''دھوبی نے مگرمچھ کو کھالیا'' سے لیا گیا ہے۔ | |
| 1 | اس کے مصنف کرشن چندر ہیں۔ | |
| 1 | راموجب مچھلیوں کے ڈپارٹمنٹ میں مدد مانگنے کے لئے گیا تو پہلے کلرک نے دوسرے کلرک کے پاس بھیج دیا۔ | |
| 1 | دوسرے کلرک نے راموکی بات کو سنجیدہ نہ لیتے ہوئے یہ جملہ کہا۔ | |
| | ''جاپانیوں کی ہر چیز چھوٹی ہوتی ہے، سوائے کردار کے۔'' | .27 |
| | جواب : | |
| | یہ جملہ دسویں جماعت کی نصابی کتاب انوارِ اُردو کے ایک سبق ''جاپان چلو جاپان چلو'' سے لیا گیا ہے اس کے | |
| 1 | مصنف مجتبیٰ حُسین ہیں۔ | |
| 1 | یہ جملہ مجتبیٰ حُسین نے اپنے سفرنامے میں جاپانیوں کے خدوخال کے مقابلے اُن کی مہمان نوازی اور | |
| 1 | بلند کردار کے پیشِ نظر یہ جملہ لکھا ہے۔ | |
| | ''تو پھر آج رات کا کھانا آپ کے یہاں ہی رہے گا۔'' | .28 |
| | جواب : | |
| 1 | یہ جملہ دسویں جماعت کی نصابی کتاب انوارِ اُردو کے ایک سبق 'ملانصرالدین کے قصے' سے لیا گیا ہے۔ | |
| | ایک مرتبہ ملانصیرالدین اپنے دوستوں کے ساتھ گفتگو کر رہا تھا۔ دورانِ گفتگو ملانصرالدین نے کہا کہ | |
| 1 | ''جو مہمانوں کی خاطر تواضع ہم کرتے ہیں کوئی نہیں کرسکتا۔'' | |
| 1 | اس پر ایک دوست فوراً بول اٹھا کہ ''تو پھر آج رات کا کھانا آپ کے یہاں ہی رہے گا۔'' | |

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے : | |
| | رہا تُو تو اکثر الم ناک میرؔ | .29 |
| | ترا طور کچھ خوش نہ آیا ہمیں | |
| | جواب : | |
| 1 | اس شعر میں شاعر میر تقی میرؔ اپنے آپ سے یہ کہہ رہے ہیں۔ | |
| 1 | اے میرؔ تو ہمیشہ اداس رہتا ہے۔ | |
| 1 | تیرے یہ جینے کا انداز ہمیں پسند نہ آیا۔ | |
| | یاروں کی محبت کا یقیں کر لیا میں نے | .30 |
| | پھولوں میں چھپایا ہوا خنجر نہیں دیکھا | |
| | جواب : | |
| 1 | اس شعر میں شاعر بشیر بدرؔ کہتے ہیں کہ دنیا میں دوست نما دشمن بہت ہیں | |
| 1 | لوگ دوستی کی آڑ میں پیٹھ پیچھے وار کرتے ہیں | |
| 1 | مگر پھر بھی میں نے اپنے دوستوں کی محبت کا یقین کر لیا۔ اُن کے پھولوں میں چھپایا ہوا خنجر نہیں دیکھ پایا۔ | |
| | زمانے کے کیا کیا ستم دیکھتے ہیں | .31 |
| | ہمیں جانتے ہیں جو ہم دیکھتے ہیں | |
| | جواب : | |
| 1 | اس شعر میں شاعر داغؔ دہلوی غمِ دوراں کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ | |
| 1 | ہم نے زمانے میں بہت ٹھوکریں کھائی ہیں زمانے نے ہم پر جو ستم ڈھائے ہیں | |
| 1 | وہ ہم ہی جانتے ہیں ہم پہ جو گذری ہے وہ کوئی نہیں جانتا۔ | |

| سوال نمبرات | متوقع جوابات | مارکس |
|---|---|---|
| 32. | درج ذیل میں سے کسی **ایک** نثر نگار کا مختصر تعارف لکھئے : | |
| | (i) خلیل منظرؔ (ii) مجتبیٰ حُسین | |
| | جواب : | |
| | (i) **خلیل منظرؔ :** | |
| | **پیدائش** : 14 جولائی 1928ء سکلیش پور ہاسن، کرناٹک ۔ | 1 |
| | **ادبی مقام** : اُردو کے اچھے افسانہ نگار، ناول نگار اور ڈرامہ نگار تسلیم کئے جاتے ہیں ۔ | 1 |
| | **تصانیف** : ''خاک وطن اور خونِ شہیداں'' ڈرامہ ''دامِ خیال''، ناولٹ | 1 |
| | **وفات** : 13 ستمبر 2000ء | |
| | **یا** | |
| | (ii) **مجتبیٰ حُسین :** | |
| | **پیدائش** : 15 جولائی 1936ء چنچولی، گلبرگہ | 1 |
| | **ادبی مقام** : روزنامہ سیاست میں مزاحیہ کالم شیشہ و تیشہ سے ادبی زندگی کا آغاز ۔ مزاحیہ مضامین خاکوں اور سفرناموں کے کئی مجموعے شائع ہوئے ہیں ۔ | 1 |
| | **تصانیف** : تکلف برطرف، قطع کلام، آدمی نامہ، سو ہے وہ بھی آدمی جاپان چلو جاپان چلو ۔ | 1 |
| | **اعزازات و انعامات** : ہاسیہ رتن اور گلبرگہ یونیورسیٹی سے اعزازی ڈاکٹریٹ کی ڈگری ۔ | |
| 33. | کسی **ایک** شاعر کا تعارف لکھئے : | |
| | (i) علامہ اقبالؔ (ii) مولانا الطاف حُسین حالیؔ | |
| | جواب : | |
| | (i) **علامہ اقبال :** | |
| | نام : محمد اقبال ۔ تخلص - اقبالؔ ۔ | |
| | پیدائش : 9 نومبر 1877ء کو سیالکوٹ ۔ | |
| | تعلیمی قابلیت : فلسفہ اور وکالت کی ڈگریاں لندن سے اور ڈاکٹریٹ کی ڈگری جرمنی سے حاصل کی ۔ داغؔ دہلوی سے کلام کی اصلاح لیتے تھے ۔ | 1 |
| | ادبی مقام : طالب علمی کے زمانے ہی سے شعر کہنے لگے ۔ بچوں کے لئے بھی خوبصورت نظمیں لکھیں ۔ ہر نظم میں ایک نیا پیغام دیا ۔ | 1 |
| | مجموعہ کلام / تصانیف : بانگ درا، بالِ جبرئیل، ضربِ کلیم اور ارمغانِ حجاز ۔ | 1 |
| | **وفات** : 21 اپریل 1938ء | |
| | **یا** | |

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | (ii) **مولانا الطاف حسین حالؔی :** | |
| | پیدائش : 1837ء پانی پت | |
| | عام معلومات : غالبؔ کے شاگرد، سرسید احمد خاں کی تحریک کو کامیاب بنانے میں اہم رول ادا کیا۔ | |
| 1 | شمس العلماء کا خطاب پایا۔ | |
| 1 | ادبی مقام : شاعر، سوانح نگار اور نقاد۔ | |
| 1 | تصانیف : یادگارِ غالبؔ، حیات جاوید، حیاتِ سعدی اور مقدمہ شعر و شاعری۔ | |
| | وفات : 1914ء | |
| | مندرجہ ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے : $2 \times 4 = 8$ | |
| | اُم المومنین حضرت عائشہؓ کی زندگی پر روشنی ڈالئے۔ | 34. |
| | یا | |
| | فنِ طب اور جراحی میں ''نانو ذرّات'' کو کس طرح استعمال کیا جاتا ہے ؟ | |
| | جواب : | |
| | حضرت عائشہؓ حضرت ابوبکر صدیقؓ کی دوسری صاحبزادی اور حضور اکرمؐ کی سب سے زیادہ محبوب بیوی تھیں۔ | |
| 1 | آپؓ نہایت سعادت منداور بلند اخلاق و کردار کی مالک تھیں۔ آپؓ نے نبی کریمؐ کی زندگی کا گہرا مطالعہ کیا اور اوراس پر مکمل پیروی کی۔ | |
| 1 | بے شمار احادیث کی تصدیق آپؓ سے ہو جاتی ہے۔ صرف یہی نہیں بلکہ تاریخ، ادب اور طب میں بھی حضرت عائشہؓ کو مہارت حاصل تھی۔ | |
| 1 | آپؓ غنی اور سخی بھی تھیں۔ ایک مرتبہ آپؓ نے ستر ہزار درہم اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کر دئے۔ آپ کا کمرہ بہت چھوٹا تھا۔ مشکل سے زندگی بسر کرتیں مگر کبھی بھی حرفِ شکایت زبان پر نہیں آیا۔ | |
| 1 | آپؓ کی کوئی اولاد نہیں تھیں اس لئے یتیم بچوں کی پرورش کرتی تھیں۔ | |
| | یا | |

| سوال نمبرات | متوقع جوابات | مارکس |
|---|---|---|
| | جواب : | |
| | فنِ طب اور جراحی میں اس کا استعمال ناگزیر ہو گیا ہے۔ نانو ذرّات نہایت چھوٹے ہونے کے سبب انہیں آسانی سے اعضاء نسیجوں خلیوں اور عضویچوں (Cell organells) میں داخل کیا جاسکتا ہے۔ اُن کی مدد سے DNA اور اور پروٹین کے ساتھ تعلق پیدا کیا جاسکتا ہے۔ ان میں ہونے والی تبدیلیوں پر نظر رکھی جاسکتی ہے اور اُن کمزوریوں اور بیماریوں کا پتہ لگایا جاسکتا ہے جن سے یہ تبدیلیاں لاحق ہو رہی ہیں۔ | 1 |
| | اگلے چند سالوں میں نانو کی مدد سے کینسر پر قابو پانے کی بھی اُمید ہے۔ | 1 |
| | نانو ٹیکنالوجی کی مدد سے جراحی میں استعمال ہونے والے آلہ جات بھی تیار کئے جاسکتے ہیں۔ | 1 |
| | جو نانو ٹیوب، نانو اسکیل، نانو روبوٹ کے طور پر استعمال کئے جاتے ہیں۔ اِن آلات کی پہنچ ان مہین تر اعضاء میں بھی ہوسکتی ہے جو موجودہ آلہ جات سے ممکن نہیں۔ | 1 |
| 35. | نظم ''حمد'' یا ''نعت'' کے ابتدائی چار اشعار اپنی یادداشت سے لکھئے۔ | |
| | جواب : | |
| | حمد: ساری دنیا کے مالک (ابتدائی چار اشعار) | |
| | اے ساری دنیا کے مالک — راجا اور پرجا کے مالک | 1 |
| | سب سے انوکھے سب سے نرالے — آنکھ سے اوجھل دِل کے اُجالے | 1 |
| | ناؤ جگت کی کھینے والے — دکھ میں سہارا دینے والے | 1 |
| | جوت ہے تیری جَل اور تھَل میں — بَاس ہے تیری پھول اور پھل میں | 1 |
| | یا | |
| | نعت : وہ آئے محمدؐ وہ آئے محمدؐ (ابتدائی چار اشعار) | |
| | ثنائے خدا ہے، ثنائے محمدؐ — رضائے الٰہی، رضائے محمدؐ | 1 |
| | حرم میں جو پہنچے تو گونجی صدائیں — وہ آئے محمدؐ، وہ آئے محمدؐ | 1 |
| | شفیعُ الامم، رحمتِ ہر دو عالم — نہیں اور کوئی سوائے محمدؐ | 1 |
| | نگاہوں میں جچتا نہیں اور کوئی — مرے دل میں جب سے سمائے محمدؐ | 1 |

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | **PART-B/حصّہ - ب** | |
| | درج ذیل سوالات کے چار متبادل جوابات دیے گئے ہیں۔ موزوں ترین جواب کا انتخاب کر کے لکھئے : 15 × 1 = 15 | |
| | الفاظ کا وہ مجموعہ جس سے کچھ معنی مطلب نکلتا ہو کیا کہلاتا ہے ؟ | 36. |
| | A) جملہ B) حروف | |
| | C) لفظ D) محاورہ | |
| 1 | جواب : (A) جملہ | |
| | رباعی میں کتنے مصرعے ہوتے ہیں ؟ | 37. |
| | A) دو B) پانچ | |
| | C) چار D) تین | |
| 1 | جواب : (C) چار | |
| | وہ حروف جو سبب کو ظاہر کرتے ہیں، کیا کہلاتے ہیں ؟ | 38. |
| | A) حروف علت B) حروفِ وصل | |
| | C) حروفِ تردید D) حروفِ استدراک | |
| 1 | جواب : (A) حروف علت | |
| | لفظ ''موت'' کی ضد یہ ہے۔ | 39. |
| | A) رات B) حیات | |
| | C) قدیم D) زمین | |
| 1 | جواب : (B) حیات | |
| | محاورہ ''دل بجھ جانا'' کا مطلب ہے۔ | 40. |
| | A) مشق کرنا B) غصہ ہونا | |
| | C) مایوس ہونا D) خوش ہونا | |
| 1 | جواب : (C) مایوس ہونا | |

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | ان میں سے واحد لفظ ہے۔ | .41 |
| | A) دفاتر B) جزائر | |
| | C) مراکز D) منظر | |
| 1 | جواب : (D) منظر | |
| | مضمون کا پہلا حصہ کیا کہلاتا ہے ؟ | .42 |
| | A) نفسِ مضمون B) اختتام | |
| | C) انتہا D) تمہید | |
| 1 | جواب : (D) تمہید | |
| | غیر متعلق لفظ علیحدہ کیجیئے۔ | .43 |
| | A) خاکِ وطن اور خونِ شہیداں B) کسان | |
| | C) پیغامِ یکجہتی D) چاند اور شاعر | |
| 1 | جواب : (A) خاکِ وطن اور خونِ شہیداں | |
| | لفظ ''خاطر تواضع'' کے معنی ہیں۔ | .44 |
| | A) نوکری B) مہمان نوازی | |
| | C) عزت والے D) غیر معمولی | |
| 1 | جواب : (B) مہمان نوازی | |
| | اِن میں سے مفرد لفظ کی نشاندہی کیجیئے۔ | .45 |
| | A) طول وعرض B) گل کاری | |
| | C) سیّاح D) کتب خانہ | |
| 1 | جواب : (C) سیّاح | |
| | اِن میں سے لاحقہ لفظ یہ ہے۔ | .46 |
| | A) بےحد B) باذوق | |
| | C) نوعمر D) اُردودان | |
| 1 | جواب : (D) اُردودان | |

| سوال نمبرات | متوقع جوابات | مارکس |
|---|---|---|
| 47. | مرکب جملے کی نشاندہی کیجئے۔<br>A) فیضان اچھا لڑکا ہے۔ B) فردوس گا رہی ہے۔<br>C) مدثر لکھ رہا ہے۔ D) ریحان کھیل رہا تھا اور ایان پڑھ رہا تھا۔<br>جواب : (D) ریحان کھیل رہا تھا اور ایان پڑھ رہا تھا | 1 |
| 48. | غیر قافیہ لفظ الگ کیجئے۔<br>A) ثنائے B) رضائے<br>C) عالم D) عطائے<br>جواب : (C) عالم | 1 |
| 49. | دَل = بڑی جماعت : : دِل = ................ ؟<br>A) قلب B) ارض<br>C) چاند D) سمندر<br>جواب : (A) قلب | 1 |
| 50. | جملے کے کتنے حصے ہوتے ہیں ؟<br>A) تین B) چار<br>C) دو D) ایک<br>جواب : (C) دو | 1 |

## PART-C/حصہ-ج

| سوال نمبرات | متوقع جوابات | مارکس |
|---|---|---|
| 51. | درج ذیل انگریزی جملوں کا آسان اُردو میں ترجمہ کیجئے : 3 × 1 = 3<br>i) Cow is a domestic animal<br>ii) It gives us milk<br>iii) Milk is good for children's health<br>جواب : | |
| | (i) گائے ایک پالتو جانور ہے۔ | 1 |
| | (ii) وہ ہمیں دودھ دیتی ہے۔ | 1 |
| | (iii) دودھ بچوں کی صحت کے لئے فائدہ مند ہے۔ | 1 |

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | اپنے والد محترم کے نام ایک خط لکھ کر اپنے امتحان کی تیاری کے بارے میں معلومات کرائیے۔ 4 = 4 × 1 | 52. |
| | **یا** | |
| | اپنے کلاس ٹیچر کے نام ایک خط لکھ کر دو دن کی چھٹی طلب کیجئے۔ | |
| | **جواب :** | |
| | **والد کے نام خط :** | |
| 1 | i) نام : XYZ | |
| | ii) مقام و تاریخ : | |
| 1 | iii) آداب والقاب : محترم والد صاحب | |
| 1 | iv) مضمون خط : امتحان کی تیاری سے متعلق اپنے والد محترم کو معلومات فراہم کرنا۔ | |
| 1 | v) اختتام : آپکا/آپکی فرمابردار بیٹا/بیٹی | |
| | vi) مکتوب الیہ کا نام و پتہ : | |
| | **یا** | |
| | **کلاس ٹیچر کے نام خط :** | |
| 1 | i) منجانب/نام : XYZ | |
| | ii) بخدمت : کلاس ٹیچر | |
| 1 | iii) عرض مدعا : دو دن کی چھٹی کے لئے درخواست | |
| 1 | iv) مضمونِ خط : کوئی مناسب وجہ بتلا کر دو دن کی چھٹی طلب کرنا۔ | |
| 1 | v) اختتام : آپ کا/آپ کی فرمابردار شاگرد/شاگردہ | |
| | vi) مقام/تاریخ : | |

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | کسی ایک عنوان پر مضمون : 1 × 4 = 4 | |
| | (i) یومِ آزادی | .53 |
| | (ii) تعلیم کی اہمیت | |
| | جواب : | |
| | (i) **یومِ آزادی :** | |
| 1 | (a) تمہید – کسی قول، فقرہ یا ضرب المثل سے آغاز کرنا۔ | |
| | (b) نفسِ مضمون – (i) آزادیِ ہند سے متعلق معلومات | |
| 1 + 1 | (ii) مجاہدینِ آزادی کے نام گنوانا | |
| | (iii) انگریزوں کے خلاف جد و جہدِ آزادی سے متعلق جانکاری فراہم کرنا۔ | |
| 1 | (c) اختتام – جشنِ آزادی پر اپنے خیالات کا اظہار کرنا۔ | |
| | **یا** | |
| | (ii) تعلیم کی اہمیت : | |
| 1 | (a) تمہید – کسی قول، فقرہ یا ضرب المثل سے شروعات/حضور اکرمؐ کی حدیث مبارکہ سے شروعات | |
| | (b) نفسِ مضمون – (i) تعلیم کی اہمیت اور افادیت پر اپنے خیالات کو تسلسل کے ساتھ لکھنا | |
| 2 | (ii) عالِم اور جاہل کے فرق کو مثالوں کے ساتھ سمجھانا۔ | |
| 1 | (c) اختتام – اپنے خیالات کا اظہار کرنا۔ | |

| سوال نمبرات | متوقع جوابات | مارکس |
|---|---|---|
| | درج ذیل عبارت کو بغور پڑھ کر نیچے لکھے گئے سوالات کے مختصر جوابات لکھئے : 4 × 1 = 4 | |
| .54 | ڈاکٹر بی-آر-امبیڈکر کا شمار تاریخِ ہند کی ناموَر قومی شخصیتوں میں ہوتا ہے۔ آپ آئین ہند کے معمار تسلیم کئے جاتے ہیں۔ پسماندہ طبقات کی فلاح و بہبودی کے لئے جتنی محنت آپ نے کی ہے شاید ہی وہ کسی اور نے کی ہو۔ آپ کا جنم 14 اپریل 1891ء کو ہوا۔ آپ کے والدین کا نام رام جی اور بھیما بائی تھا۔ والدین نے آپ کا نام بھیم راؤ رکھا مگر آپ باباصاحب امبیڈکر کے نام سے زیادہ مشہور ہوئے۔ | |
| | سوالات : | |
| | (i) آئینِ ہند کے معمار کسے تسلیم کیا جاتا ہے ؟ | |
| | (ii) ڈاکٹر امبیڈکر کا جنم کب ہوا ؟ | |
| | (iii) ڈاکٹر امبیڈکر کے والدین کا نام لکھئے۔ | |
| | (iv) والدین نے آپ کا نام کیا رکھا ؟ | |
| | جواب : | |
| | i ڈاکٹر بی-آر-امبیڈکر کو آئینِ ہند کا معمار تسلیم کیا جاتا ہے۔ | 1 |
| | ii ڈاکٹر امبیڈکر کا جنم 14 اپریل 1891ء کو ہوا۔ | 1 |
| | iii ڈاکٹر امبیڈکر کے والدین کا نام رام جی اور بھیما بائی تھا۔ | 1 |
| | iv والدین نے آپ کا نام بھیم راؤ رکھا۔ | 1 |